DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 15-07-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔وفاق سے 50ارب روپے ملیں تو بھی کم ہونگے،وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔وزیراعظم کی زیرصدارت بلوچستان میں سیلاب کی صورتحال سے متعلق ویڈیولنک اجلاس،وزیراعظم | سنچری ودیگراخبارات |
| 3۔گورنر جمالی کا وزیراعلیٰ سندھ سے رابطہ،پرتشدد واقعات پر اظہار تشویش،این این آئی | جنگ ودیگراخبارارت |
| 4۔دہشت گرد امن دشمن،خوف پیدا کرنا چاہتے ہیں،نصیب اللہ مری | جنگ ودیگراخبارات |
| 5۔فوجی افسر کا قتل قابل مذمت دہشتگردی کا صفایا ہوکر رہیگا،ضیاء لانگو | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔زیارت میں قیام امن کیلئے آج جرگے میں لائحہ عمل طے کرینگے،نور محمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 7۔آرمی افسر کو شہید کرنے کا مقصد دہشت کا ماحول پیدا کرنا ہے،سردار بھوتانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 8۔نفرت پھیلانے والے کسی طرح وطن کے خیر خواہ نہیں ہوسکتے،بشریٰ رند | جنگ ودیگراخبارات |
| 9۔پاکستانیوں کے مابین نفرت کی مہم ناقابل برداشت ہے،بشریٰ رند | مشرق ودیگراخبارات |
| 10۔بلوچستان میں دہشتگردی کرکے وحشت پھیلانے کی اجازت کسی کو نہیں،وزراء اراکین اسمبلی | مشرق ودیگراخبارات |
| 11۔لاپتہ افراد کے حوالے سے کابینہ کمیٹی کا اجلاس ایک ماہ میں سفارشات پیش کرنے کا عزم،آئی این پی | انتخاب ودیگراخبارات |
| 12۔ملک میں امن واستحکام دشمن عناصر کو کھٹک رہا ہے،فرح عظیم شاہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13۔بارشوں سے متاثرہ افراد کی بحالی کیلئے اقدامات کررہے ہیں،چیف سیکرٹری | جنگ ودیگراخبارات |
| 14۔وفاقی حکومت بھی بلوچستان کے متاثرین کی بحالی کیلئے خصوصی پیکج کا اعلان کرے،سردار رند | جنگ ودیگراخبارات |
| 15۔بارشوں سے بلوچستان متاثر ہوا،حکومت سے خیر کی اُمید نہیں،نیشنل پارٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 16۔دشمن قوتیں بلوچستان کے حالات خراب کرنے کے درپے ہیں،جمعیت نظریاتی | مشرق ودیگراخبارات |

## امن و امان

کوئٹہ پولیس کی مختلف کاروائیاں 27افراد گرفتار موٹر سائیکلیں اسلحہ ومنشیات برآمد،بلوچی اسٹریٹ میں ہوائی فائرنگ کرنے والا اسلحہ سمیت گرفتار،مچھ پولیس نے شراب اور بیئر برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا،کوئٹہ،امن جرگہ کے دفتر کے باہر فائرنگ کرنے والا ملزم گرفتار۔نوشکی،پولیس کی بروقت کاروائی 3چور گرفتار۔

## عوامی مسائل

ٹرانسپورٹ اور گڈز ٹرک ایسوسی ایشن نے کوئٹہ چمن شاہراہ کو بند کرنے کا اعلان کردیا،صحبت پور،بیٹے کے قاتلوں کی عدم گرفتاری پر والدین کا احتجاج،بلوچستان کے متعدد اضلاع میں طوفانی بارشیں،مچھ سیلابی ریلوں سے لنک پل خستہ حال شہریوں میں تشویش۔

مورخہ15-07-2022

## اداریہ

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں بارش وسیلاب کی تباہ کاریاں ،وفاقی حکومت پیکج کا اعلان کرے**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان میں ہونے والی بارشوں نے بڑے پیانے پر تباہی مچائی ہے۔شاید ہی کوئی ایسا اضلاع ہو جو اس آفت سے محفوظ رہا ہے۔بڑے پیانے پر نہ صرف مالی بلکہ جانی نقصانات بھی ہوئے ہیں۔متعدد دیہی علاقے پانی میں ڈوب گئے غریبوں کے مال مویشی تباہ ہو گئے ،تیار فصلیں بھی متاثر ہو گئیں ،سڑکیں ،پُل بھی بری طرح متاثر ہوئے ہیں جس سے بعض اضلاع کا ایک دوسرے سے رابطہ بھی منقطع ہو گیا ہے ،ڈیمز کو بھی نقصان پہنچا ہے جبکہ بجلی کے کھمبے گرنے سے بجلی کی فراہمی بھی معطل ہے۔اب تک جو اطلاعات مختلف اضلاع سے موصول ہو رہی ہیں وہ انتہائی تشویشناک ہیں لوگ بے گھر ہو کر رہ گئے ہیں خوراک کی کمی کا بھی سامنا ہے۔بلوچستان پہلے بھی مختلف آفات کا شکار ہو چکا ہے لیکن بروقت ان کا ازالہ نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے آج بھی دکی اور آواران کے زلزلہ متاثرین پریشان ہیں ،حکومتی بہت سی آئیں مگر متاثرین کے دکھ کا مداوا نہیں کیا گیا۔اس کٹھن اور مشکل حالات میں وفاقی حکومت کی تمام تر توجہ بلوچستان پر ہونی چاہیئے حالیہ بارشوں اور سیلاب نے جس طرح سے بہت سارے علاقے صفحہ ہستی سے مٹا دیئے ہیں لوگ بے سروسامانی کی حالت میں زندگی گزار رہے ہیں ان تمام تر نقصانات کو دیکھتے ہوئے بڑے پیکج کا نہ صرف اعلان کیا جائے بلکہ وزیر اعظم شہباز شریف سمیت وفاقی نمائندگان ،وزیر اعلیٰ بلوچستان صوبائی حکومت کے نمائندگان ان متاثرہ علاقوں کا دورہ کریں ،عوام کو تسلی دیں کہ اس مشکل وقت میں وہ ان کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہنگامی حالات میں جو بھی ممکن ہو سکے فوری طور پر بحالی کا کام شروع کیا جائے تا کہ متاثر علاقوں میں زندگی معمول پر آسکے۔اُمید ہے کہ صوبائی اور وفاقی حکومت مشترکہ حکمت عملی اپناتے ہوئے موجود بحران سے بلوچستان کے عوام کو نکالنے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائینگی تا کہ بلوچستان میں معمولات زندگی بحال ہو سکے ،کو نقصانات ہوئے جو متاثر ہوئے ہیں ان سب کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

## ادریے

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**متاثرین سیلاب کی امداد کا اعلان** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Conflict over water" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Balochistan's job quota" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

1

Daily: ________

Dated: ________ Page No. 2

روزنامہ جنگ کوئٹہ جمعہ 15 رجولائی 2022ء

زیارت سے اغواء کیا گیا

## دہشتگردوں نے مغوی فوجی افسر کو گولی ماردی فورسز کے ہاتھوں 2 ہلاک

زیارت کے قریب مغوی کی بازیابی کیلئے آپریشن

آرمی کوئیک رسپانس فورس نے منگی ڈیم کے علاقے میں اغوا کاروں کا سراغ لگایا خود کو گھیرے میں پا کر انہوں نے لیفٹیننٹ کرنل لئیق بیگ کو شہید کردیا

دیگر دہشتگرد کرنل لئیق کے کزن عمر کو لیکر فرار، آپریشن جاری رہیگا، آئی ایس پی آر، ملوث عناصر جلد اپنے انجام تک پہنچ جائینگے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر/آن لائن) آئی ایس پی آر کے نے کہا ہے کہ 10۔ 12 دہشت گردوں کے ایک گروپ نے لیفٹیننٹ کرنل لئیق بیگ مرزا (ڈی ایچ اے کوئٹہ میں خدمات انجام دے رہے ہیں) اور ان کے کزن عمر جاوید کو قائداعظم ریزیڈنسی کا دورہ کرنے کے بعد ورچوم زیارت کے قریب کوئٹہ واپس آتے ہوئے اغوا کر لیا۔ اطلاع ملنے پر آرمی کوئیک ریسپانس فورسز کو فوری طور پر فرار ہونے والے دہشت گردوں کا پیچھا کرنے کے لیے روانہ کیا گیا جنہوں نے منگی ڈیم کے علاقے میں انکے ٹھکانوں کی طرف جانے کا سراغ لگایا سیکورٹی فورسز نے ایس ایس جی کے دستوں اور ہیلی کاپٹروں کا استعمال کرتے ہوئے کرسرچ آپریشن شروع کیا نتیجتاً 13/ 14 جولائی کی رات، 6۔ 8 دہشت گردوں کے ایک گروپ کو سیکورٹی فورسز کی ایک ٹیم نے قریبی پہاڑوں میں ایک نالے میں جاتے ہوئے دیکھا۔ اپنے ممکنہ گھیرے کا احساس ہونے پر، دہشت گردوں نے لیفٹیننٹ کرنل لئیق بیگ مرزا کو فائرنگ کرکے شہید کر دیا اور فرار ہونے کی کوشش کی۔ فائرنگ کے تبادلے میں 2 دہشت گرد مارے گئے جبکہ بھاری اسلحہ و گولہ بارود بھی قبضے میں لے لیا گیا جس میں آئی ای ڈیز، دھماکہ خیز مواد اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ تاہم، اس عمل میں، باقی دہشت گرد دوسرے مغوی عمر کے ساتھ وقتی طور پر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ معصوم شہری کی بازیابی اور مجرموں کو پکڑنے کے لیے خراب موسمی حالات کے باوجود سیکیورٹی فورسز کی جانب سے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ سیکورٹی فورسز بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کی ایسی بزدلانہ کوششوں کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ قدوس بزنجو نے لیفٹیننٹ کرنل لئیق کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اغواء کاروں کی بہیمانہ کارروائی قابل مذمت ہے۔ دہشت گرد عناصر نے ایک بہادر افسر کو بزدلانہ طریقے سے شہید کیا، ان کے اغواء اور شہید کرنے کا مقصد دہشت اور وحشت کا ماحول پیدا کرنا ہے۔ تاہم دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو اپنے ناپاک عزائم میں ناکامی ہوگی، واقعہ سے دہشت پیدا کرنے والوں کے خلاف عوامی نفرت میں اضافہ ہوا ہے، بہادر سیکیورٹی فورسز کے جوانوں اور افسروں کو ایسی بزدلانہ حرکتوں سے مرعوب نہیں کیا جا سکتا، دہشت گردی کے واقعہ میں ملوث عناصر جلد اپنے انجام تک پہنچ جائیں گے، انہوں نے شہید کے خاندان سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

روزنامہ سنچری ایکسپریس، کوئٹہ، جمعۃ المبارک، 15 جولائی، 2022ء

## وزیراعظم کی زیر صدارت بلوچستان میں سیلاب کی صورتحال سے متعلق ویڈیو لنک اجلاس

وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے صوبے میں بارش اور سیلاب کی تباہ کاریوں، امدادی سرگرمیوں اور نقصانات پر بریفنگ دی گئی

ان حالات میں صوبائی حکومت کی بھرپور معاونت کرینگے، جلد بلوچستان آ کر صورتحال کا جائزہ لوں گا، شہباز شریف کی یقین دہانی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کی زیر صدارت حالیہ سیلابی بارشوں کے صورتحال کے منعقدہ جائزہ اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی وزیراعلیٰ کی جانب سے اجلاس کو بلوچستان میں بارشوں کی صورتحال، نقصانات اور امدادی سرگرمیوں پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ شدید بارشوں سے بلوچستان کے بیشتر اضلاع متاثر ہوئے ہیں جہاں جانی نقصانات (باقی صفحہ 5 نمبر 6) کے ساتھ ساتھ املاک کو بھی نقصان پہنچا ہے اور لوگوں کے گھر، فصلیں، ٹیوب ویل، سولر سسٹم اور زرعی اراضی بری طرح متاثر ہوئی ہے وزیراعلیٰ نے بتایا ہے کہ صوبائی ادارے انتظامیہ اور پی ڈی ایم اے امدادی سرگرمیوں میں مصروف عمل اور پوری طرح سے الرٹ ہیں اس وقت تین ہزار خیموں کی فوری ضرورت ہے اب تک این ڈی ایم اے نے تین ہزار خیمے فراہم کیے ہیں جبکہ بحالی کی سرگرمیوں کے لیے بھاری مشنری کی بھی ضرورت ہے وزیراعظم نے صوبائی حکومت کی امدادی سرگرمیوں پر اطمینان کا اظہار کیا اور وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں متعلقہ صوبائی اداروں کی محنت اور کاوشوں کی تعریف کرتے ہوئے اپنی جانب سے حکومت بلوچستان کو بھرپور معاونت کی یقین دہانی کرائی وزیراعظم نے کہا کہ وہ بہت جلد بلوچستان کا دورہ کرکے صورتحال کا جائزہ لیں گے۔ اجلاس کو چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے حکومت بلوچستان کی طرف سے سیلابی صورتحال کے باعث ہونے والے نقصانات پر حکومتی اقدامات اور ریلیف کے کاموں پر تفصیلی بریفنگ بھی دی اجلاس میں وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ صوبائی وزیر زراعت میر اسد بلوچ صوبائی مشیر دا علی وپی ڈی ایم اے میر ضیاء لانگو دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:________

1

Dated:________ Page No. 3

روزنامہ جنگ کوئٹہ جمعہ 15 رجولائی 2022ء

## نفرت پھیلانے والے کسی طرح وطن کے خیر خواہ نہیں ہوسکتے' بشریٰ رند

### بزرگوں نے طویل جدوجہد اور قربانیوں کے بعد وطن حاصل کیا پارلیمانی سیکرٹری کا بیان

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و سماجی بہبود بشریٰ رند نے نفرت کی بنا پر ہونے والے ناخوشگوار واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ اور بلوچستان میں نفرت کی بنا پر ہونے والے واقعات افسوسناک ہیں انہوں نے بیان میں کہا کہ یہ ملک ہم سب کا ہے ہم سب برابر کے پاکستانی ہیں اور کسی بھی صوبے میں رہنے اور کام کرنے والے پاکستانیوں کے خلاف نفرت کی مہم ناقابل برداشت ہے پاکستانیوں کے درمیان نفرت پھیلانے والے کسی طور دوست اور وطن کے خیر خواہ نہیں بشریٰ رند نے کہا کہ سندھ اور بلوچستان کے عوام محب وطن پاکستانی ہیں اور مٹھی بھر عناصر کی جانب سے منفی رجحانات پھیلانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی ہمارے بزرگوں نے طویل جدوجہد اور شاندار قربانیوں کے بعد یہ وطن حاصل کیا ہے دشمن کی سازشوں کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ اجب / جمعہ 15 جولائی 2022ء

## پاکستانیوں کے مابین نفرت کی مہم ناقابلِ برداشت ہے، بشریٰ رند

### سندھ اور بلوچستان میں نفرت کی بنا پر ہونے والے واقعات افسوسناک ہیں

کوئٹہ، (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و سماجی بہبود بشریٰ رند نے نفرت کی بنا پر ہونے والے ناخوشگوار واقعے کی سختی سے مذمت کرتے ہوئے کہا........ بقیہ 9 صفحہ نمبر 9 پر

ہے کہ سندھ اور بلوچستان میں نفرت کی بنا پر ہونے والیواقعات افسوسناک ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ ملک ہم سب کا ہے ہم سب برابر کے پاکستانی ہیں اور کسی بھی صوبے میں رہنے اور کام کرنے والے پاکستانیوں کے خلاف نفرت کی مہم ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہم سب کا عزیز وطن ہے اور پاکستانیوں کے درمیان نفرت پھیلانے والے کسی طور پاکستان کے دوست اور وطن کے خیر خواہ نہیں۔ محترمہ بشریٰ رند نے کہا کہ سندھ اور بلوچستان کے عوام محب وطن پاکستانی ہیں اور مٹھی بھر عناصر کی جانب سے منفی رجحانات پھیلانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے بزرگوں نے طویل جدوجہد اور شاندار قربانیوں کے بعد یہ وطن حاصل کیا ہے اور ہم دشمن کی سازشوں کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

روزنامہ سنچری ایکسپریس، کوئٹہ۔ جمعۃ المبارک، 15 جولائی، 2022ء

## متحد ہو کر بلوچستان کا امن تباہ کرنیوالوں کے عزائم ناکام بنائینگے

لیفٹیننٹ کرنل کو شہید کرنے کی مذمت

### بزدلانہ حملوں سے حوصلے پست نہیں ہونگے، دہشتگردوں کو انجام تک پہنچایا جائیگا، فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی

### ضیاء لانگو، نور محمد دمڑ، بشریٰ رند، نصیب مری، منظور کاکڑ، فرح عظیم کی مذمت، شہید کے درجات کی بلندی کیلئے دعا

کوئٹہ (خ ن + نمائندگان + نیوز ایجنسیاں) ملک دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہوں گے قوم کے حوصلے بلند ہے جبکہ دہشتگردی کا صفایا ہو کر رہے گا زیارت کے علاقے ورچوم میں دہشت گردوں، کی طرف سے لیفٹیننٹ کرنل کو شہید کرنے کے دلخراش واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان حاجی (باقی صفحہ 5 نمبر 31)

نور محمد خان دمڑ، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بشریٰ رند، صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری، بی اے پی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور کاکڑ، ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ نے اپنے الگ الگ مذمتی بیانات میں کیا انھوں نے کہا کہ اس بزدلانہ دہشتگرد حملوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہوں گے ہمارے سکیورٹی فورسز کے حوصلے بلند ہیں جبکہ سرحد پار سے دہشت گردی کے خاتمے کو یقینی بنانے کے لئے ہر سطح تک جائیں گے، انھوں نے کہا کہا آرمی آفیسر کے اغوا اور انہیں شہید کرنے کا مقصد دہشت اور وحشت کا ماحول پیدا کرنا ہے دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو اپنے مذموم عزائم میں ناکامی ہوگی۔ واقعہ سے دہشت پیدا کرنے والوں کے خلاف عوامی نفرت میں اضافہ ہوا ہے انھوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے جوانوں اور افسران کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، شرپسند عناصر امن کی بحالی کے دشمن ہیں قوم شرپسند عناصر کی سازشوں کیخلاف متحد ہے دھرتی ماں پر جان قربان کرنے والے جانباز قوم کے ہیرو ہیں کہ پاکستان کا امن و استحکام ملک دشمن عناصر کو کھٹک رہا ہے، انھوں نے کہا کہ پاکستان کی افواج اور عوام ان دہشت گردوں اور ملک دشمن عناصر کے سامنے سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہیں،۔ اس بزدلانہ کارروائی میں ملوث ملک دشمن عناصر کو جلد ان کے منطقی انجام تک پہنچائے جائیں انھوں نے کہا کہ ہم آزمائش کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں، انھوں نے شہید کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر واستقامت کی دعا بھی کیں۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ (6) 15 جولائی 2022ء

## سندھ وبلوچستان کے عوام محب وطن مٹھی بھر عناصر نے منفی پروپیگنڈہ کیا' بشریٰ رند

### ملک ہم سب کا ہے' کسی بھی صوبے میں رہنے والے اور کام کرنیوالوں کیخلاف نفرت انگیز مہم ناقابل برداشت ہے

کوئٹہ (آئی این پی) پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و سماجی بہبود بشریٰ رند نے نفرت کی بنا پر ہونے والے ناخوشگوار واقعے کی سختی سے مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

سندھ اور بلوچستان میں نفرت کی بنا پر ہونے والے واقعات افسوسناک ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ ملک ہم سب کا ہے ہم سب برابر کے پاکستانی ہیں اور کسی بھی صوبے میں رہنے اور کام کرنے والے پاکستانیوں کے خلاف نفرت کی مہم ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہم سب کا عزیز وطن ہے اور پاکستانیوں کے درمیان نفرت پھیلانے والے کسی طور پاکستان کے دوست اور وطن کے خیر خواہ نہیں۔

## گورنر جمالی کا وزیراعلیٰ سندھ سے رابطہ، پرتشدد واقعات پر اظہارِ تشویش

**ایسی صورتحال سے ملک دشمن قوتیں فائدہ اٹھاتی ہیں، اس کا ادراک کرنے کی ضرورت ہے، میر جان جمالی**

کوئٹہ (این این آئی) قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے جمعرات کو وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور کراچی میں لسانی بنیادوں پر ہونے والے پرتشدد واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صورتحال کو افہام و تفہیم سے سازگار بنانے کی ضرورت پر زور دیا، میر جان محمد جمالی نے کہا کہ ایسی کسی بھی صورتحال سے ملک دشمن قوتیں فائدہ اٹھاتی ہیں اس لئے ایسی صورتحال کا ادارک کرنے کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ فیڈریشن آف پاکستان کی تمام اکائیوں کے مابین یکجہتی بھائی چارے کا فروغ یقینی بنانے کے لیے صوبائی حکومتوں کو اپنا متحرک کردار ادا کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ سندھ اور بلوچستان کے تمام اقوام کے مابین بھائی چارے کی مثالی فضاء پائی جاتی ہے جسے ایک آدھ افسوسناک واقعہ سے جوڑ کر نفرتوں کی جانب دھکیلا جارہا ہے جو قطعی نیک شگون نہیں میر جان محمد جمالی نے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کو کہا کہ کراچی میں لسانی بنیادوں پر ہونے والے پرتشدد واقعات کے تدارک کیلئے سنجیدہ اور ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں اور برادر اقوام کے مابین غلط فہمیوں کا ازالہ کرکے اسی مثالی فضا کو برقرار رکھا جائے۔

## فوجی افسر کا قتل قابل مذمت، دہشتگردی کا صفایا ہو کر رہیگا، ضیاء لانگو

**انتظامیہ نکاسی آب اور بند راستوں کو کھولنے کیلئے فوری اقدامات کرے، صوبائی مشیر داخلہ**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی صوبے خصوصاً کوئٹہ اور مضافات میں جاری بارشوں سے عوام کے جان و مال کو ممکنہ نقصانات اور مشکلات کے تناظر میں انتہائی مستعد رہنے کی ہدایت خصوصی طور پر حساس علاقے متعلقہ اداروں کی غیر معمولی توجہ اور کارکردگی کے متقاضی ہے۔ مشیر داخلہ کی اضلاع کی انتظامیہ نکاسی آب اور بند راستوں کو کھولنے کیلئے فوری اقدامات کریں۔ مشیر داخلہ ریلیف ڈیپارٹمنٹ، ریسکیو ادارے اور دیگر متعلقہ محکمے اپنی ٹیموں کو ہائی الرٹ رکھیں۔ مشیر داخلہ کسی بھی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کیلئے فول پروف اقدامات یقینی ہونی چاہئے۔ مشیر داخلہ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی نقصانات کا بروقت اندازہ لگایا جائے اور متاثرین کو بلا تاخیر ریلیف دیا جائے۔ مشیر داخلہ کی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور ریسکیو محکمے کو بھی اس سلسلے میں خصوصی اقدامات کی ہدایت کسی حادثے کی صورت میں زخمیوں کو فوری طبی امداد اور سہولیات مہیا کی جائے۔ دریں اثناء صوبائی مشیر داخلہ نے زیارت کے علاقے ورچوم میں دہشت گردوں کی طرف سے لیفٹیننٹ کرنل کو قتل کرنے کے دلخراش واقعہ کی شدید مذمت کی ہے مشیر داخلہ نے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ قوم کے حوصلے بلند ہے جبکہ دہشتگردی کا صفایا ہو کر رہے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس بزدلانہ دہشتگرد حملوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہوں گے۔ یہاں سے جاری ایک بیان میں مشیر داخلہ نے کہا کہ اس افسوسناک واقعہ کی جتنی بھی مذمت کیجائے کم ہے۔ ہمارے سیکیورٹی فورسز کے حوصلے بلند ہیں جبکہ سرحد پار سے دہشت گردی کے خاتمے کو یقینی بنانے کے لئے ہر حد تک جائیں گے۔ مشیر داخلہ نے کہا کہ ہم آزمائش کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں، مشیر داخلہ کی شہید کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر و استقامت کی دعا۔

## دہشت گرد امن دشمن، خوف پیدا کرنا چاہتے ہیں، نصیب اللہ مری

**لیفٹیننٹ کرنل لئیق کی شہادت سے پاک فوج کے حوصلے کمزور نہیں ہونگے، بیان**

کوہلو (نامہ نگار) صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری نے معنوی لیفٹیننٹ کرنل لئیق کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج کے افسر کو اغواء کے بعد شہید کرکے ملک دشمن عناصر دہشت اور خوف کا ماحول پیدا کرنے چاہتے ہیں، ریاست ان عناصر کو امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دے گی صوبائی وزیر نے پاک فوج کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شرپسند عناصر امن کی بحالی کے دشمن ہیں قوم شرپسند عناصر کی سازشوں کیخلاف متحد ہے دھرتی پر جان قربان کرنے والے قوم کے ہیرو ہیں منفی حربوں سے قوم اور پاک فوج کے حوصلے کمزور نہیں کیے جاسکتے دہشت گردی کے خلاف جنگ امن کے مکمل حصول تک جاری رہے گی غم کے اس گھڑی میں ہم شہید خاندان کے ساتھ ہیں۔

## زیارت میں قیام امن کیلئے آج جرگے میں لائحہ عمل طے کرینگے، نور محمد دمڑ

**لیفٹیننٹ کرنل لئیق کی شہادت پر زیارت کے عوام میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے، گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ معنوی لیفٹیننٹ کرنل لئیق کی شہادت کے واقعہ پر زیارت کے عوام میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے، دہشت گردوں کو کسی صورت بھی معاف نہیں کرینگے آج کے جرگے میں ضلع زیارت میں امن و امان کی بحالی کیلئے مشترکہ لائحہ عمل طے کرینگے انہوں نے مقامی صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آرمی افسر کو اغواء کے بعد شہید کرنے کا مقصد دہشت کا ماحول پیدا کرنا ہے بہادر فورسز کے جوانوں اور افسران ایسی بزدلانہ حرکتوں سے مرعوب نہیں ہونگے واقعہ میں ملوث عناصر جلد اپنے انجام تک پہنچ جائیں گے انہوں نے شہید کے بلند درجات اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## آرمی افسر کو شہید کرنے کا مقصد دہشت اور وحشت کا ماحول پیدا کرنا ہے، سردار بھوتانی

**دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو اپنے ناپاک عزائم میں ناکامی ہوگی، بیان، واقعہ کی مذمت**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی صدر و سینئر صوبائی وزیر سردار محمد صالح بھوتانی نے معنوی لیفٹیننٹ کرنل لئیق کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر نے ایک بہادر افسر کو بزدلانہ طریقے سے شہید کیا۔ اغواء کاروں کی بہیمانہ کارروائی قابل مذمت ہے، آرمی افسر کا اغواء اور اسے شہید کرنے کا مقصد دہشت اور وحشت کا ماحول پیدا کرنا ہے دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو اپنے ناپاک عزائم میں ناکامی ہوگی اپنے ایک مذمتی بیان میں صوبائی وزیر سردار محمد صالح بھوتانی نے کہا کہ زیارت واقعہ سے دہشت پیدا کرنے والوں کے خلاف عوامی نفرت میں اضافہ ہوا ہے، بہادر سیکورٹی فورسز کے جوانوں اور افسران کو ایسی بزدلانہ حرکتوں سے مرعوب نہیں کیا جاسکتا، دہشت گردی کے واقعہ میں ملوث عناصر جلد اپنے انجام تک پہنچائیں جائیں گے سینئر صوبائی وزیر سردار محمد صالح بھوتانی نے شہید کے خاندان سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 15 JUL 2022 Page No. 5

# بلوچستان میں دہشتگردی کرکے وحشت پھیلانے کی اجازت کسی کو نہیں؛ وزراء اراکین اسمبلی

دہشتگرد عناصر نے ایک بہادر افسر کو بزدلانہ طریقے سے شہید کیا یہ کھلی دہشت گردی ہے' سردار عبدالرحمن کھیتران' مبین خان خلجی

سکیورٹی فورسز کے جوانوں اور افسران کو ایسی بزدلانہ حرکتوں سے مرعوب نہیں کیا جاسکتا' حاجی محمد خان لہڑی' ضیاء لانگو' میر سلیم کھوسہ

پاک فوج کے افسر کو اغواء اور انہیں شہید کرکے ملک دشمن عناصر دہشت اور خوف کا ماحول پیدا کرنا چاہتے ہیں، ملک نعیم بازئی ودیگر

کوئٹہ (اے این این، جی رپورٹر) صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی کا معنوی لیفٹیننٹ کرنل لئیق کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اغواء کاروں کی بہیمانہ کاروائی قابل مذمت ہے حکومت کاروائی کرکے ملزمان کو گرفتار کیا جائے مذمتی بیان جاری کرتے ہوئے صوبائی وزیر خزانہ سردار عبدالرحمن کھیتران مبین خان خلجی حاجی محمد خان لہڑی مشیر داخلہ میر ضیاء لانگو اور رکن اسمبلی میر سلیم کھوسہ کیا......... بقیہ نمبر 6 صفحہ 10 پر

انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر نے ایک بہادر افسر کو بزدلانہ طریقے سے شہید کیا کھلے عام دہشت گردی کی مثال دیا۔ آرمی افسر کے اغواء اور انہیں شہید کرنے کا مقصد دہشت اور وحشت کا ماحول پیدا کرنا ہے جس کی اجازت نہیں دیں گے دہشت گردوں اور انکے سرپرستوں کو اپنے ناپاک عزائم میں ناکامی ہوگی صوبائی وزراء نے کہا کہ واقعہ سے دہشت پیدا کرنے والوں کے خلاف عوامی نفرت میں اضافہ ہوا ہے۔ بہادر سیکیورٹی فورسز کے جوانوں اور افسران کو ایسی بزدلانہ حرکتوں سے مرعوب نہیں کیا جاسکتا۔ دہشت گردی کے واقعہ میں ملوث عناصر جلد اپنے انجام تک پہنچائے جائیں گے کا شہید کے خاندان سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی شہید کے درجات بلند اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کریں گے۔

## جان جمالی کا لیفٹیننٹ کرنل لئیق کی شہادت پر افسوس کا اظہار

اتحاد و اتفاق سے دشمن کے ناپاک عزائم ناکام بنائے جاسکتے ہیں، قائم مقام گورنر

کوئٹہ (خ ن) قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے معنوی لیفٹیننٹ کرنل لئیق کی شہادت پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک مذمتی بیان میں کہا......... بقیہ نمبر 39 صفحہ 10 پر

ہے کہ سماج دشمن عناصر ایسے بزدلانہ حملوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ وقت آ پہنچا ہے کہ ہم من حیث القوم مکمل اتحاد اور اتفاق کا مظاہرہ کرکے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنادیں۔ قائم مقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے شہید لیفٹیننٹ کرنل کے سوگوار خاندان سے یکجہتی اور ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالی شہید کے درجات کو بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر و ہمت عطا فرمائے۔

INTEKHAB QUETTA

# لاپتہ افراد کے حوالے سے کابینہ کمیٹی کا اجلاس' ایک ماہ میں سفارشات پیش کرنے کا عزم

اجلاس میں آمنہ جنجوعہ نے لاپتہ افراد کے معاملے میں کابینہ کمیٹی کے سامنے اپنی تجاویز رکھیں' بار ایسوسی ایشنز کو بھی مدعو کرنیکا فیصلہ

کمیٹی پوری سنجیدگی کے ساتھ لاپتہ افراد کا مسئلہ حل کرنے کی کوشش کررہی ہے' وفاقی وزیر قانون

اسلام آباد (آئی این پی) جبری گمشدگی اور لاپتا افراد کے حوالے سے قائم کابینہ کی ذیلی کمیٹی نے معاملے کی سنجیدگی کو مدنظر رکھتے ہوئے لاپتہ افراد کے معاملے پر چار سے پانچ ہفتوں میں کابینہ کے سامنے اپنی سفارشات پیش کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ جمعرات کو وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیر صدارت جبری گمشدگی اور لاپتا افراد کے حوالے سے قائم کابینہ کی ذیلی کمیٹی کا تیسرا بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر

اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق میاں ریاض حسین پیرزادہ، وفاقی وزیر برائے بحری امور فیصل سبزواری، وفاقی وزیر برائے سائنس اور ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ اور وزارت داخلہ کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ وزارت قانون و انصاف سے جاری بیان کے مطابق چیئرپرسن رائٹس گروپ ڈیفنس آف ہیومن رائٹس پاکستان آمنہ مسعود جنجوعہ کو اجلاس میں شرکت کی خصوصی دعوت دی گئی تھی۔ آمنہ مسعود جنجوعہ نے لاپتا افراد کے معاملے کو حل کرنے کے لئے کمیٹی کے سامنے اپنی تجاویز رکھیں۔ وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق میاں ریاض حسین پیرزادہ نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اپنی تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ بلوچستان نے بھی شرکت کی اور کمیٹی کے سامنے اپنی تجاویز پیش کیں۔ کمیٹی نے معاملے کی سنجیدگی کو مدنظر رکھتے ہوئے لاپتا افراد کے معاملے پر چار سے پانچ ہفتے میں کابینہ کے سامنے اپنی سفارشات پیش کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 15 JUL 2022 Page No. 7

## یونیسیف کے تعاون سے بلوچستان میں افغان ریفیوجیز ٹیچرز کی تربیت کا آغاز

### 1150 مرد وخواتین اساتذہ کو تربیت فراہم کی جائے گی، 5 اضلاع میں 28 سنٹرز قائم کئے گئے، ڈائریکٹر پائیٹ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان میں پہلی بار بڑے پیمانے پر افغان ریفیوجیز ٹیچرز کی تربیت کا صوبائی ادارہ برائے تدریس اساتذہ کے زیر اہتمام اور یونیسیف کے تعاون سے تربیت کا آغاز، تفصیلات کے مطابق صوبائی ادارہ برائے تدریس اساتذہ (پائیٹ) کے ڈائریکٹر شیر احمد سالاتی، ڈپٹی ڈائریکٹر پلاننگ خورشید احمد لانگو، اور ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن ضیاالرحمان مینگل نے بتایا کہ بلوچستان میں پہلی بار بڑے پیمانے پر افغان ریفیوجیز ٹیچرز کی تربیت کا صوبائی ادارہ برائے تدریس اساتذہ کے زیر اہتمام اور یونیسیف کے تعاون سے تربیت کا آغاز کیا جارہا ہے، انھوں نے کہا کہ کوئٹہ، چاغی پشین، قلعہ سیف اللہ اور لورالائی کے اساتذہ کے لئے تربیت کا اہتمام کیا گیا ہے، افغان ریفیوجیز ٹیچرز کی تربیت کا آغاز پیر 18 جولائی سے ہوگا، جس میں تقریبا 1150 مرد وخواتین اساتذہ کو تربیت فراہم کی جائے گی، جس میں خواتین اور اور اساتذہ کو الگ الگ تربیت فراہم کی جائے گی، پانچ اضلاع میں 28 سینٹرز کے زیر اہتمام 48 ماسٹر ٹرینرز تربیت فراہم کرینگے، افغان ریفیوجیز ٹیچرز کو حساب، سائنس، اردو اور انگریزی پڑھانے کی تربیت دی جائے گی۔

## ملک میں امن و استحکام دشمن عناصر کو کھٹک رہا ہے، فرح عظیم شاہ

### لیفٹیننٹ کرنل لئیق کی شہادت میں ملوث عناصر جلد اپنے انجام تک پہنچ جائیں گے

کوئٹہ (خ ن) ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ نے معوی لیفٹیننٹ کرنل لئیق کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اسے بزدلانہ فعل قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر پاکستان کو کمزور کرنا چاہتے ہیں مگر وہ اپنے ناپاک اداروں میں کبھی کامیاب نہیں ہونگے پاکستان ایک مضبوط اور مستحکم ملک ہے ایسے واقعات سے ملک کو غیر مستحکم نہیں کیا جاسکتا ہے۔ ملک دشمن عناصر ایسی کارروائیوں سے صوبے میں خوف اور دہشت کا ماحول پیدا نہیں کرسکتے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی افواج اور عوام ان دہشت گردوں اور ملک دشمن عناصر کے سامنے سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہیں ملک کا امن و استحکام ملک دشمن عناصر کو کھٹک رہا ہے جس سے وہ ایسی بزدلانہ حرکتیں کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ پوری قوم امن دشمن عناصر کے خلاف پاک فوج اور اپنے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔ شہداء کا خون کبھی رائیگاں نہیں جائے گا اس بزدلانہ کارروائی میں ملوث ملک دشمن عناصر کو جلد ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائیگا ترجمان نے شہید کی جنت میں بلند درجات اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

## کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت اجلاس، مون سون کی بارشوں سے متعلق تیاریوں کا جائزہ

### تمام اضلاع میں کنٹرول رومز کو فعال کر کے عام آدمی تک رسائی یقینی بنائی جائے، سہیل الرحمان بلوچ

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمان بلوچ کی زیر صدارت ڈویژنل ریویو کمیٹی کا دوسرا اجلاس ہوا جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ، ایف سی کرنل تنھورا کیرو، ایس ایس پی آپریشنز عبدالحق عمرانی، ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ جبار بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویژن بابر خان سمیت پی پی ایف کی روشن نور شید بروچہ سمیت دیگر نے شرکت کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آنے والے دنوں میں مون سون کی متوقع شدید بارشوں کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ اور دیگر ادارے پیشگی تیاریاں مکمل کریں اس سلسلے میں تمام اداروں کے درمیان بہترین تعاون اور ایمرجنسی سے نمٹنے کے لیے جامع حکمت عملی ضروری ہے اجلاس میں کہا گیا کہ تمام ڈپٹی کمشنرز اپنے اپنے اضلاع میں کنٹرول روم کو مزید فعال کرکے عام لوگوں تک رسائی کو ممکن بنائیں جبکہ کنٹرول روم میں تمام محکموں اور فورسز کے اہلکاروں کی موجودگی کو بھی ہر صورت یقینی بنائیں جبکہ ضلعی انتظامیہ پی آر ایس پی کے تعاون سے اپنے اضلاع میں انفارمیشن سیل قائم کریں تاکہ ایمرجنسی اور ریلیف آپریشن کی بہترین انداز میں نگرانی کی جاسکے اس کے علاوہ دور دراز علاقوں میں مواصلاتی نظام کے لئے اقدامات اٹھاتے ہوئے پولیس، لیویز اور ایف سی کی کمیونیکیشن سسٹم سے استفادہ کیا جائے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ ڈویژن کے خطرناک علاقوں میں ضروری مشینری کی موجودگی کو یقینی بنایا جائے تاکہ ہنگامی صورت حال میں لوگوں کی جان و مال کو بچانے میں کام میں لایا جاسکے اس کے علاوہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ بی اینڈ آر بارشوں سے متاثرہ سڑکوں کی بحالی کیلئے اقدامات اٹھائیں۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ برساتی نالوں پر قائم تجاوزات کے خلاف کارروائی کا عمل تیز کرتے ہوئے بند پوائنٹس کو کھول دیں جبکہ برساتی نالوں کی وجہ سے املاک کے نقصانات کا تخمینہ لگا کر رپورٹ پیش کریں تاکہ ان کے ازالے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 15 JUL 2022 Page No. 8


# تربت زیادہ کرایہ وصول کرنے پر تمام ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے دفاتر سیل کر دیئے گئے

ضلعی انتظامیہ اور ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی جانب سے سے جاری نوٹیفکیشن پر عمل درآمد نہ کرنے اور کرایہ سمیت طلبہ و معذور کوٹہ بحال نہ کرنے پر اقدام کیا گیا

کمشنر مکران شبیر احمد مینگل نے 7 جولائی کو نوٹیفکیشن جاری کر کے مکران روٹ پر چلنے والی تمام ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے لیے کرایہ مختص کر دیا تھا

تربت (بیورو رپورٹ) عدالتی احکامات اور ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے فیصلہ جات پر عملدرآمد نہ کرنے والے کوئٹہ ٹو تربت ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے دفاتر انتظامیہ نے سیل کردیے۔ ڈپٹی کمشنر کیچ میجر ریٹائرڈ بشیر احمد بڑیچ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر تربت عقیل کریم کی زیر نگرانی لیویز فورس نے جمعرات کو تربت ٹو کوئٹہ روٹ پر چلنے والی تمام ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے دفاتر سیل کردیے، ٹرانسپورٹ سیل (بقیہ نمبر52 صفحہ نمبر7 پر)

کرنے کا سبب اس مہینے کی 7 تاریخ کو ایک عدالتی فیصلے کے بعد ضلعی انتظامیہ اور ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی جانب سے سے جاری نوٹیفکیشن پر عمل درآمد نہ کرنے اور کرایہ سمیت طلبہ و معذور کوٹہ بحال نہ کرنے کے خلاف کیا گیا۔ بلوچستان ہائی کورٹ نے سماجی کارکن شے مرید رشید کی آئینی پٹیشن کے تحت ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے سربراہ کمشنر مکران کو تربت ٹو کوئٹہ تمام ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے لیے کرایہ مختص کر کے نوٹیفکیشن جاری کرنے کا حکم دیا تھا جس پر عمل کر کے ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی مکران کے سربراہ کمشنر مکران شبیر احمد مینگل نے 7 جولائی کو نوٹیفکیشن جاری کر کے مکران روٹ پر چلنے والی تمام ٹرانسپورٹ کمپنیوں کے لیے کرایہ مختص اور ٹرانسپورٹ کمپنیوں کو طلبہ و معذور کوٹہ کے تحت پچاس فیصد کرایہ کم کرنے کے احکامات دیے لیکن کمپنیوں نے اس حکم پر عملدرآمد نہیں کیا اور بدستور اپنی من مانی جاری رکھی۔۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 15 JUL 2022 Page No. 6

## دشمن قوتیں بلوچستان کے حالات خراب کرنے کے درپے ہیں، جمعیت نظریاتی

اغواکاروں کے ہاتھوں لیفٹیننٹ کرنل لئیق کی شہادت بزدلانہ فعل ہے، قوم دشمن قوتوں کی مذموم عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دے گی، عبدالقادر لونی

ٹارگٹ کلنگ اور لاقانونیت وبدامنی کیا واقعات میں ملوث عناصر کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کیلئے عملی کارروائیاں ضروری ہیں، عبدالاحد کبدانی و دیگر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا محمد حیات نائب امیر مولانا عبدالرؤف نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی سرپرست مولانا خدائے نظر ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی سرپرست مولانا نعمت اللہ صوبائی سیکرٹری اطلاعات...... بقیہ نمبر 58 صفحہ 10 پر

مولوی رحمت اللہ حقانی ضلعی امیر زیارت مولانا عبدالمالک نے لیفٹیننٹ کرنل لئیق کی شہادت پر دکھ و افسوس کا اظہار اور اغواکاروں کی بہیمانہ عمل کی شدید الفاظ سے مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دشمن قوتیں سوچی سمجھے منصوبے کی تحت بلوچستان کی حالات خراب کرنے کی درپے ہیں قوم دشمن قوتوں کی مذموم عزائم کو کامیاب کرنے نہیں دیں گے۔

AZADI QUETTA

## مکران یونیورسٹی کیلئے ڈاکٹر مالک ترین بطور وی سی کسی صورت قبول نہیں، آل پارٹیز

اگر مالک ترین کو زبردستی پنجگور پر مسلط کرنے کی کوشش کی گئی تو عوام اور سیاسی قیادت سے ملکر بھرپور احتجاج کریں گے

ہمارا مسئلہ مالک ترین کے متنازعہ کردار سے ہے، مالک ترین کو اس بات پر خود سوچنا چاہئے کہ عوام اسے بطور وی سی قبول کرنے پر تیار نہیں ہے وہ کیوں آنے پر بضد ہے

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور آل پارٹیز کے چیئرمین میر نذیر احمد بی این پی عوامی کے مرکزی کمیٹی کے رکن حاجی محمد اکبر بلوچ جے یو آئی کے ضلعی امیر حافظ محمد اعظم بلوچ حاجی عبدالعزیز بلوچ پیپلز پارٹی کے ڈویژنل جنرل سکریٹری آغا شاہ حسین سول سوسائٹی کے گہرام شریف حق دو تحریک کے ڈپٹی آرگنائزر ملا فرہاد جماعت اسلامی کے امیر حافظ صفی اللہ بی ایس او پجار کے عامر بی ایس او کے ڈاکٹر محسن جمیل فہد آصف (بقیہ نمبر 46 صفحہ نمبر 7 پر)

اور دیگر نے طلباء کے احتجاجی کیمپ میں ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی آف مکران کے طلباء دو ہفتے سے احتجاج پر ہیں ان کا یہی مطالبہ ہے کہ مالک ترین ہمیں کسی بھی صورت قبول نہیں ہے اور یہ پنجگور کے تمام عوام کا بھی فیصلہ ہے انہوں نے کہا کہ ہم احتجاجی طلباء کے ساتھ ہیں اگر مالک ترین کو زبردستی پنجگور پر مسلط کرنے کی کوشش کی گئی تو عوام اور سیاسی قیادت سے ملکر بھرپور احتجاج کریں گے انہوں نے کہا کہ مالک ترین کی تقرری کے خلاف 17 جولائی بروز اتوار پنجگور میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی جائے گی اگر اس کے باوجود طلباء اور پنجگور کے عوام کے جائز مطالبہ کو نظرانداز کیا گیا تو سی پیک روڈ پر دھرنا دے کر اسے بند کردیں گے انہوں نے کہا کہ ہم کسی قوم قبیلہ یا برادری کے ہرگز خلاف نہیں اور نہ ہی تعصب اور قومیت پر یقین رکھتے ہیں بلکہ ہمارا مسئلہ مالک ترین کے متنازعہ کردار سے ہے مالک ترین کو اس بات پر خود سوچنا چاہئے کہ عوام اسے بطور وی سی قبول کرنے پر تیار نہیں ہے وہ کیوں آنے پر بضد ہے وہ عوامی احساسات کا احترام کریں اور شروع کریں اگر مالک ترین بضد رہا تو اگلے پنجگور آنے پر تو سی پیک کو بھی جام کردیں گے انہوں نے کہا کہ ہم کسی نسل قوم قبیلہ کے ہرگز خلاف نہیں مالک ترین کے علاوہ پنجابی ہو یا پٹھان یا ہزارہ ہر کوئی قبول ہے انہوں نے کہا کہ ہمیں عید کے پانچ تین روز بھی دھرنا دینے پر مجبور کیا گیا ہے طلباء کے احتجاج کو اہمیت دیا جائے مالک ترین کے آنے کی صورت میں عوام شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام کریں گے لیکن مالک ترین کو کسی بھی صورت میں قبول نہیں کریں گے ان کے کردار کے بارے میں سب کو پتہ ہے ہم اپنے بچوں کا مستقبل کسی بدکرداروی سی کے حوالے نہیں کریں گے یہ پورے پنجگور کے عوام کا متفقہ فیصلہ ہے لہذا تمام ادارے پنجگور کے عوام کے رائے کا احترام کریں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 15 JUL 2022 Page No. 12


# ٹرانسپورٹ اور گڈز ٹرک ایسوسی ایشن نے کوئٹہ چمن شاہراہ کو بند کرنے کا اعلان کردیا

قلعہ عبداللہ اور جنگل پیر علیزئی کے مقام پر چند مسلح افراد فی ایئر کنڈیشنڈ کنٹینر سے دونوں طرف 33 ہزار روپے زبردستی بھتہ لے رہے ہیں

انتظامیہ کو آگاہ کرنے کے باوجود داد رسی نہیں ہوئی، مسئلہ حل نہ ہوا تو 18 جولائی کو شاہراہ پر غیر معینہ مدت کیلئے دھرنا دینگے، ٹرانسپورٹ رہنما

چمن (آن لائن) کوئٹہ شاہراہ 18 جولائی بروز سموار کو احتجاجاً بند رہے گا، ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن، آل بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے رہنماؤں حاجی عبدالعلی اچکزئی حاجی محمد صدیق اچکزئی حاجی عبدالستار، حاجی مرتضیٰ اچکزئی حاجی محمود و دیگر نے ایک ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ قلعہ عبداللہ اور جنگل پیر علیزئی کے مقام پر چند مسلح افراد فی ایئر کنڈیشنڈ کنٹینر سے دونوں طرف........

33 بقیہ نمبر 15 صفحہ 10 پر

ہزار روپے زبردستی بھتہ لے رہے ہیں ان بھتہ خوروں کے خلاف انتظامیہ کا ایکشن نہ لینا سمجھ سے بالاتر ہے لہٰذا 18 جولائی بروز سموار چمن کوئٹہ شاہراہ ہر قسم کی چھوٹی بڑی گاڑیوں کیلئے غیر معینہ مدت تک مکمل بند رہیگا۔ مسافر حضرات سے سفر نہ کرنے کی اپیل کی ہے انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر چمن قلعہ عبداللہ ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو اس بارے میں مکمل آگاہ کر چکے ہیں مگر ہماری کوئی شنوائی نہ ہو سکی ہے انہوں نے چمن اور قلعہ عبداللہ کے تمام قبائلی رہنماؤں سے بھی مسئلے کو حل کرنے میں مدد کی اپیل کی ہے انہوں نے کہا کہ اس طرح حالات رہے تو اس سے حالات خراب ہو سکتے ہیں۔

## صحبت پور، بیٹے کے قاتلوں کی عدم گرفتاری پر والدین کا احتجاج

صحبت پور (نمائندہ مشرق) صحبت پور پولیس تھانہ آر ڈی 238 کی حدود گوٹھ علی محمد کنرانی میں مویشیوں کے معاملے پر جھگڑے میں مبینہ طور پر قتل ہونیوالے........

بقیہ نمبر 9 صفحہ 10 پر

نوجوان بہرام کنرانی ولد اسحاق کے قاتلوں کی عدم گرفتاری پر بوڑھی ماں، باپ اسحاق، بھائی حضور بخش کا احتجاج جبکہ لواحقین غم سے نڈھال کافی دن گزرنے کے باوجود پولیس قاتلوں کو گرفتار نہیں کر سکی لواحقین نے آئی جی بلوچستان، ڈی آئی جی نصیرآباد رینج، ایس ایس پی صحبت پور و دیگر متعلقہ حکام سے فوری طور پر قاتلوں کو گرفتار کرکے انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے جبکہ اس حوالے متعلقہ تھانے کے ایس ایچ او آر ڈی 238 نے اپنا موقف دیتے ہوئے کہا کہ ہم قاتلوں کی گرفتاری کیلئے کارروائی جاری ہے بہت جلد بہرام کے قاتل قانون کی گرفت میں ہونگے

# بلوچستان کے متعدد اضلاع میں طوفانی بارشیں، ندی نالوں میں طغیانی، ساحلی علاقوں میں تیز ہوائیں

سبی میں سیلابی صورتحال حال، ندی نالوں میں طغیانی اور دریائے ناڑی اور لہڑی ندی میں اونچے درجے کا سیلابی ریلہ، انتظامیہ چوکس

بولان، ڈیرہ بگٹی، نصیر آباد، جھل مگسی، خضدار، قلات، لسبیلہ، ژوب، تربت، آواران، پنجگور میں آج بھی موسلا دھار بارشوں کی پیش گوئی

نصیر آباد میں ریلوے ٹریک اور قومی شاہراہوں پر پلوں کے اطراف اور نیچے پتھر مٹی ہٹا کر پانی کی گزرگاہیں ہموار کرنے کا سلسلہ جاری

کوئٹہ، سبی، تمبو (نمائندے، این این آئی) بلوچستان میں بارشوں کے نئے سلسلے کے باعث مقامی اور........

بقیہ 38 صفحہ نمبر 9 پر

برساتی ندی نالوں میں طغیانی کا امکان، محکمہ موسمیات کے مطابق جمعرات کو سبی، بولان، ڈیرہ بگٹی، نصیر آباد، جھل مگسی، خضدار، قلات، لسبیلہ، ژوب، بارکھان، کوہلو، مکران، تربت، آواران، پنجگور، اور ماڑا، پسنی، جیوانی اور گوادر میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا سلسلہ جاری رہا صوبے میں سب سے زیادہ بارش ژوب میں 10 اور لسبیلہ میں 02 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی محکمہ موسمیات کے مطابق جمعہ کے روز صوبے کے بیشتر اضلاع میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے جبکہ سبی، بولان، ڈیرہ بگٹی، نصیر آباد، جھل مگسی، خضدار، قلات، لسبیلہ، ژوب، بارکھان، مکران، تربت، آواران، پنجگور، اور ماڑا، پسنی، جیوانی اور گوادر میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش کی توقع ہے اس دوران مقامی اور برساتی ندی نالوں میں طغیانی کا خطرہ بھی ہے۔ ضلع سبی میں سیلابی صورتحال حال، ندی نالوں میں طغیانی اور دریائے ناڑی اور لہڑی ندی میں اونچے درجے کا سیلابی ریلہ گزر رہا ہے

## بااثر شخصیات سے رقم واپس دلا کر تحفظ فراہم کیا جائے، راشد پرویز گل

ذہنی اذیت اور مالی نقصان سے دوچار کرنے والوں کیخلاف کارروائی ناگزیر ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے رہائشی راشد پرویز گل نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، وزیر داخلہ اور اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ بااثر شخصیات سے ڈی ایچ اے کی گیارہ فائلوں کی مد میں وصول کی جانے والی رقم واپس دلا کر مجھے اور میری فیملی کو تحفظ فراہم کیا جائے کیونکہ ہمیں........

بقیہ نمبر 4 صفحہ 10 پر

ان سے جان کا خطرہ ہے یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی انہوں نے کہا کہ میں مسیحی برادری سے تعلق رکھتا ہوں جناح ٹاؤن کوئٹہ کا رہائشی ہوں اور ڈی ایچ اے کی گیارہ فائلوں کی مد میں جعلسازوں کو مکمل رقم ادا کی اور وہ فائلیں حوالے کرنے کی بجائے بار بار وقت مانگتے رہے اور بڑے جعلساز نے فائلیں حوالے کرنے کی ذمہ داری لیتے ہوئے ایک ہفتے کا وقت لیا لیکن بعد میں مجھے اپنے بھائی جو سیاسی رہنما بھی ہیں کے حوالے سے ڈراتا رہا اور کہا کہ مجھے کوئی کچھ نہیں کہہ سکتا مجھے ذہنی اذیت اور مالی نقصان پہنچایا ہے گزشتہ چار سالوں سے ان کے پیچھے بھاگ رہا ہوں متعدد بار نازیبا الفاظ بھی ادا ہوئے مجھے رقم واپس دلا کر انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 15 JUL 2022 Page No. 13


## ژوب: ہیضے کے باعث 6 افراد کے جاں بحق ہونے کی اطلاعات، سیکڑوں متاثر

**4 افراد جاں بحق ہوئے، ڈی ایچ کیو ہسپتال ذمہ دار ذرائع، یونیسف کی جانب سے کلورین کی گولیاں فراہم کردی گئیں**

ژوب (نامہ نگار) ہیضے کی وجہ سے نوجوان اور خاتون جاں بحق ہوگئے۔ یونیسف کی جانب سے واٹر سپلائی منصوبے کے لئے کلورین کی گولیاں اور متاثرہ افراد کے لئے او آر ایس فراہم کردی گئی۔ مختلف علاقوں میں ہیضے کے باعث تاحال چھ افراد کی ہلاکت کی اطلاعات ہیں۔ سیکڑوں افراد متاثر ہوئے ہیں، صحافیوں کو تفصیلات حاصل کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ تفصیلات کے مطابق شہر سمیت مختلف علاقوں میں ہیضے کی وباء برقرار ہے، ہیضے کے باعث چھ افراد کے جاں بحق ہونے کی اطلاع ملی ہے، تاہم ڈی ایچ کیو ہسپتال ذمہ دار ذرائع نے تاحال ہیضے کے باعث چار افراد جاں بحق ہونے کی تصدیق کی ہے جن میں خروٹ آباد کے رہائشی سردار خان مندوخیل اختر بابر کی اہلیہ جاوید ولد شاہ گل عمر چھ سال ساکن شیرانی بازار اور ایک بچہ شامل ہے جبکہ یونین کونسل بنگ سر میں بھی خدائے نذر کبزئی نامی شخص کے دو بچوں کی ہیضے کے باعث جاں بحق ہونے کی ملنے والی اطلاعات سے متعلق سے رابطہ کرنے پر ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر عبدالہادی کاکڑ نے بچوں کی ہیضے کے باعث ہلاکت کی تصدیق یا تردید نہیں کی۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال ذرائع کے مطابق عیدالاضحیٰ سے دو دن قبل پھیلنے والے بیماری کے متاثرہ افراد روزانہ کی بنیاد پر ہسپتال لائے جارہے ہیں تاحال ساڑھے پانچ سو سے زائد متاثرہ افراد ہسپتال لائے گئے ہیں، یونیسف کی جانب سے کمشنر ژوب ڈویژن اور ڈی ایچ او ڈاکٹر مظفر شاہ کو محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے واٹر سپلائی کے ٹینکوں کے لئے جراثیم کش کلورین کی ایک لاکھ چار ہزار گولیاں اور 23 کارٹن او آر ایس فراہم کی گئی صحافیوں کو ہیضے سے جاں بحق اور متاثرہ افراد سے متعلق تفصیلات حاصل کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔

## لسبیلہ اور مچھ میں قومی شاہراہیں بند ہوگئیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں طوفانی بارشوں کا سلسلہ جاری لسبیلہ اور مچھ میں قومی شاہراہیں متاثر ٹریفک کی روانی معطل ہوگئی، تفصیلات کے مطابق جمعرات کی شب شدید بارشوں کے باعث ضلع لسبیلہ کے علاقے ولہ پٹ کے مقام پر کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کا ایک حصہ سیلابی ریلے میں بہہ گیا جس کے باعث شاہراہ پر ٹریفک کی روانی معطل گئی جبکہ مچھ میں قومی شاہراہ پر ایک پل سیلابی ریلے کی وجہ گر گیا جس کے باعث شاہراہ پر ٹریفک کی روانی معطل ہوگئی قومی شاہراہوں پر ٹریفک روانی معطل ہونے کے باعث مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

## مچھ: سیلابی ریلوں سے لنک پل خستہ حال، شہریوں میں تشویش

**پشتوں، حفاظتی دیواروں اور جنگلوں کو شدید نقصان، انتظامیہ کی طرف سے آمد ورفت پر پابندی، اقدامات کئے جائیں، عوامی حلقے**

مچھ (نامہ نگار) لنک روڈ پل کے پشتے اور حفاظتی دیواریں پانی کے بہاؤ کی وجہ سے ختم، ایک حصے کا حفاظتی جنگلا بھی ٹوٹ گیا، کسی بھی وقت خدانخواستہ سانحہ رونما ہوسکتا ہے ٹرانسپورٹرز شہری اور مائن اونرز میں تشویش کی لہر دوڑ گئی، تفصیلات کے مطابق مچھ لنک روڈ پل کے دو حصے اس سے قبل مختلف اوقات میں منہدم ہوگئے تھے جنہوں نے دو سال سے زائد عرصے میں تعمیر کیا گیا جبکہ اب پانی کے شدید بہاؤ نے پل کے پشتوں اور حفاظتی دیوار کو شدید نقصان پہنچایا ہے جس کی وجہ سے شہریوں مائن اونرز اور ٹرانسپورٹرز میں شدید تشویش پائی جاتی ہے ماضی میں جب پل کا چوتھائی حصہ سیلاب کی وجہ سے منہدم ہوگیا تھا تو اس کی تعمیر میں محکمہ بی اینڈ آر کچھی بولان نے تین سال لگا دیے جبکہ مچھ کا زمینی راستہ ندی میں پائپ رکھ کر عارضی طور پر بحال کیا گیا تین سال تک ٹریفک کی آمد و رفت ندی کے اندر سے جاری رہی جس کی وجہ سے متعدد قیمتی جانیں سیلابی ریلوں کی نذر ہوگئیں بعد ازاں پل کا شہر کی طرف والا حصہ منہدم ہوگیا لیکن متعلقہ حکام نے ناقص تعمیر کی ندی میں طغیانی سے مذکورہ حصہ بہہ گیا مچھ انتظامیہ نے پل گرنے کے خطرے پیش نظر آمد و رفت بھی بند کردی ہے ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ محکمہ بی اینڈ آر نے متعدد بار پل کا پی سی ون بنا کر محکمے سے فنڈز کی فراہمی کا مطالبہ کیا لیکن حکام نے فنڈز جاری نہیں کئے جس کی وجہ سے لنک پل گرنے کے قریب ہے جس کا فوری نوٹس نہ لیا گیا تو بڑا سانحہ رونما ہوسکتا ہے عوامی حلقوں نے صوبائی حکومت اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ مچھ پل کے پشتے اور حفاظتی دیوار کی مستقل بنیادوں پر تعمیر و مرمت یقینی بنائی جائے۔

## کوہلو: گیسٹرو کی وباء بڑھنے لگی، 48 گھنٹوں میں سو سے زائد کیسز رپورٹ

**سو سے زائد متاثرہ مریض ڈی ایچ کیو ہسپتال میں داخل کرائے گئے، طبی عملہ الرٹ، ادویات کی قلت کا سامنا ہے، ایم ایس ڈاکٹر اصغر مری**

کوہلو (نامہ نگار) کوہلو میں گیسٹرو کی وباء بڑھنے لگی، اڑتالیس گھنٹوں میں سو سے زائد کیسز رپورٹ نجی کلینکس اور بنیادی مراکز صحت میں بھی کیسز کی شرح میں اضافہ تفصیلات کے مطابق کوہلو میں گیسٹرو کی شرح میں تشویشناک حد تک اضافہ ہوا ہے ڈی ایچ کیو ہسپتال کوہلو میں اڑتالیس گھنٹوں میں سو سے زائد کیسز رپورٹ ہوئے ہیں نجی کلینکس اور بنیادی مراکز صحت میں بھی کیسز کی شرح میں اضافہ ہوا ہے ایم ایس ڈاکٹر اصغر مری کے مطابق موسمی تبدیلی کے باعث گیسٹرو کے کیسز معمول سے زائد رپورٹ ہورہے ہیں اڑتالیس گھنٹوں میں سو سے زائد متاثرہ مریض ڈی ایچ کیو ہسپتال میں داخل کرائے گئے جنہیں طبی امداد دی جارہی ہے بیشتر افراد کو ڈسچارج کردیا گیا ہے گیسٹرو کی موجودہ لہر موسمی تبدیلی کے باعث تیزی سے پھیل رہی ہے جس پر قابو پانے کے لئے ڈی ایچ کیو ہسپتال کوہلو میں ہمہ وقت طبی عملہ الرٹ ہے تاہم ادویات کی قلت کا سامنا ہے محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام کو فوری ادویات کی فراہمی کی درخواست کردی ہے ڈاکٹر اصغر مری کے مطابق ڈی ایچ کیو ہسپتال کوہلو نہ صرف ضلع کوہلو بلکہ بارکھان، ڈیرہ بگٹی، دکی اور لورالائی کے مختلف علاقوں کا بوجھ بھی اٹھا رہا ہے جہاں کے مریض ڈی ایچ کیو ہسپتال کوہلو میں ایمرجنسی و عام بیماری کی حالت میں طبی سہولیات حاصل کرتے ہیں دوسری جانب نجی کلینکس اور بنیادی مراکز صحت میں بھی گیسٹرو کے کیسز معمول سے زائد رپورٹ ہورہے ہیں اس سلسلے میں بروقت اقدامات اور ڈی ایچ کیو ہسپتال کوہلو میں ادویات کی فوری فراہمی و دیگر اقدامات کی ضرورت ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Dated: 15 JUL 2022

Page No. 14

Bullet No 6


# بلوچستان میں بارش وسیلاب کی تباہ کاریاں، وفاقی حکومت پیکج کا اعلان کرے


بلوچستان میں ہونے والی بارشوں نے بڑے پیمانے پر تباہی مچائی ہے، شاید ہی کوئی ایسا ضلع ہو جو اس آفت سے محفوظ رہا ہے۔ بڑے پیمانے پر نہ صرف مالی بلکہ جانی نقصانات بھی ہوئے ہیں۔ متعدد دیہی علاقے پانی میں ڈوب گئے غریبوں کے مال مویشی تباہ ہوگئے، تیار فصلیں بھی متاثر ہوگئیں، سڑکیں، پُل بھی بُری طرح متاثر ہوئے ہیں جس سے بعض اضلاع کا ایک دوسرے سے رابطہ بھی منقطع ہوگیا ہے، ڈیمز کو بھی نقصان پہنچا ہے جبکہ بجلی کے کھمبے گرنے سے بجلی کی فراہمی بھی معطل ہے۔ اب تک جو اطلاعات مختلف اضلاع سے موصول ہورہی ہیں وہ انتہائی تشویشناک ہیں لوگ بے گھر ہوکر رہ گئے ہیں خوراک کی کمی کا بھی سامنا ہے۔ بلوچستان پہلے بھی مختلف آفات کا شکار ہوچکا ہے لیکن بروقت ان کا ازالہ نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے آج بھی دکی اور آواران کے زلزلہ متاثرین پریشان ہیں حکومتیں بہت سی آئیں مگر متاثرین کے دکھ کا مداوا نہیں کیا گیا۔ اس کٹھن اور مشکل حالات میں وفاقی حکومت کی تمام تر توجہ بلوچستان پر ہونی چاہئے حالیہ بارشوں اور سیلاب نے جس طرح سے بہت سارے علاقے صفحہ ہستی سے مٹادیئے ہیں لوگ بے سروسامانی کی حالت میں زندگی گزار رہے ہیں ان تمام تر نقصانات کو دیکھتے ہوئے بڑے پیکج کا نہ صرف اعلان کیا جائے بلکہ وزیراعظم شہباز شریف سمیت وفاقی نمائندگان، وزیراعلیٰ بلوچستان صوبائی حکومت کے نمائندگان ان متاثرہ علاقوں کا دورہ کریں، عوام کو تسلی دیں کہ اس مشکل وقت میں وہ ان کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہنگامی حالات میں جو بھی ممکن ہوسکے فوری طور پر بحالی کا کام شروع کیا جائے تاکہ متاثرہ علاقوں میں زندگی معمول پر آسکے،

اس کے ساتھ ہی متعلقہ محکموں سے مفصل رپورٹ طلب کی جائے کہ کن کن علاقوں میں صورتحال بہت زیادہ خراب ہے وہاں پر امدادی ٹیمیں روانہ کی جائیں تاکہ صورتحال کو کنٹرول کیا جاسکے کیونکہ ابھی بھی بارش کا امکان موجود ہے مزید تباہی کو روکنے کے لیے بروقت اقدامات کئے جائیں کیونکہ بلوچستان کے عوام مزید تباہی کے متحمل نہیں ہوسکتے۔ بلوچستان کو ترجیح دینا وفاقی حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے کیونکہ بلوچستان حکومت کے پاس اتنے وسائل نہیں کہ وہ بڑے پیمانے پر ریلیف پیکج دے سکے، جتنی حکومت بلوچستان کی سکت ہے اسی مناسبت سے وہ امدادی کاموں کو آگے بڑھا رہی ہے مگر وفاقی حکومت ایک بڑا ریلیف پیکج بلوچستان کو دے تاکہ بارش اور سیلاب سے متاثرہ افراد کا ازالہ ممکن ہوسکے مشکل کی اس گھڑی میں انہیں تنہا نہیں چھوڑا جائے۔ بلوچستان کے عوام کا پہلے سے ہی یہی شکوہ رہا ہے کہ انہیں ہر وقت نظرانداز کیا جاتا رہا ہے دیگر صوبوں اور شہروں میں جب آفت آتی ہے تو وہاں فوری طور پر وفاقی حکومت اپنے وسائل سمیت سرکاری مشینری کو متحرک کرتی ہے بلوچستان کے عوام کے اس شکوے کو دور کرتے ہوئے ان کے درد کا مداوا کیا جائے۔ بلوچستان کے عوام کا گزر بسر زمینداری سے وابستہ ہے روزگار کے دیگر ذرائع مفقود ہیں، وہ اپنی زمین داری اور مال مویشی کے ذریعے گزر بسر کرتے ہیں لہٰذا اس جانب خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ امید ہے کہ صوبائی اور وفاقی حکومت مشترکہ حکمت عملی اپناتے ہوئے موجودہ بحران سے بلوچستان کے عوام کو نکالنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائینگی تاکہ بلوچستان میں معمولات زندگی بحال ہوسکے، جو نقصانات ہوئے جو متاثر ہوئے ہیں ان سب کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

## متاثرین سیلاب کی امداد کا اعلان

بلوچستان میں بارشوں کے بعد سیلاب سے جو قہر برپا ہوا وہ قیادت صغریٰ سے کم نہیں لوگوں کے سامنے ان کے گھر بار مال مویشی سیلاب کی نذر ہو گئے مشکل سے جان بچانے کے باوجود درجنوں افراد لقمہ اجل بن گئے صوبے کے کئی علاقوں میں سیلاب زدگان سڑکوں میدانوں پہاڑوں اور دگیرے مقامات پر پناہ گزین ہیں ایک طرف قیمتی املاک ضائع ہونے کا غم ہے تو دوسری طرف بھوک و پیاس کی شدت چلچلاتی دھوپ اور بارش سے بچنے کے لئے کوئی پناہ گاہ نہیں صوبائی حکومت نے محدود وسائل میں رہتے ہوئے متاثرین سیلاب کی ہر ممکن مدد کر رہی ہے گزشتہ روز اعلان کیا ہے کہ وفاقی حکومت سیلاب میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کو 10 لاکھ روپے فی کس معاوضہ ادا کریگی ان کا کہنا تھا کہ وہ متاثرین سے اظہار یکجہتی کے لئے جلد بلوچستان کا دورہ کرینگے سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے انہوں نے حکومت بلوچستان کے ساتھ مل کر کام کرنے کا اعلان کیا ہے جو انتہائی خوش آئند بات ہے دوسری جانب وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وزیراعلیٰ ہاؤس میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ بلوچستان میں حالیہ شدید بارشوں اور سیلابی ریلوں کی تباہیوں پر وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ہم ہر طرح کی تعاون کیلئے تیار ہیں اور ہدایت بھی جاری کردی ہے کہ بلوچستان میں ہیوی مشینری کی اشد ضرورت ہے بلوچستان حکومت نے اپنی بساط کے مطابق پی ڈی ایم اے کے ذریعے جتنا کوشش کر سکے وہ ہم نے کیا ہے مگر ہم لوگوں کا نقصان پورا نہیں کرسکتے ہیں اور جہاں تک ہم کھانے پینے کی اشیاء پہنچائی ہے آج وزیراعظم پاکستان نے اعلان کیا ہے کہ بلوچستان میں بارشوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کو فی کس 10 لاکھ اور بلوچستان حکومت کی جانب سے بھی 10 لاکھ فی کس روپے اور زخمی ہونے والوں کو 50 ہزار روپے دینے کا اعلان کرتا ہوں ہم نقصان تو پورا نہیں کرسکتے ہیں بلوچستان شدید بارشوں کی وجہ سے مشکل صورتحال سے گزر رہے ہیں بلوچستان میں لوگوں کے فصلات تباہ ہوئے ہیں لوگوں کے مکانات گر گئے ہیں ان کی تعمیر کیلئے ہمیں خطیر رقم کی ضرورت ہے انشاء اللہ ہم امید کرتے ہیں کہ وفاق ہمارے نقصانات کا ازالہ کریں گے اس مصیبت کی گھڑی میں وزیراعظم میاں شہباز شریف ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کریں گے جس کی یقین دہانی بھی کرائی گئی ہے وزیراعظم بلوچستان کے لوگوں سے محبت کرتے ہیں بلوچستان کے مختلف اضلاع میں دورہ بھی کرچکے ہیں بلوچستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ اتنی زیادہ بارشیں ہوئی ہے کہ کچھ ڈیمز ٹوٹ گئے ہیں اور میں نے ہدایت جاری کی ہے کہ سی ایم آئی ٹی کو کہ جس ڈیم پر غیر معیاری کام ہوا ہے اس کے خلاف کارروائی کی جائے گی اور کوئٹہ میں لوگوں نے نالیوں پر قبضہ کرکے گھر بنائے ہوئے ہیں ان میں اگر کوئی پٹواری یا کوئی اور سرکاری ملازم نے





# Balochistan's job quota

It is heartening that the federal government has decided to fill vacant posts immediately to give Balochistan due representation in federal services and overcome development challenges in the province. It has developed a comprehensive strategy to expedite the process and ensure compliance with Balochistan's job quota in true letter and spirit. Reportedly, under the strategy, the government has directed all ministries/ divisions to initiate the process of soliciting no-objection certificates from the Establishment Division within two weeks for filling the vacant positions with effect from the date of issuance of directives by the Establishment Division. The ministries and divisions have been directed to advertise the vacancies immediately after the release of no-objection certificates by the Establishment Division. The recruitment process will be completed within a period of 120 days after the advertisement. Secretaries of the ministries/ divisions will ensure that the above time frame is complied with and they will submit a certificate to this effect on the completion of each of the above-mentioned steps. The cabinet has approved these measures to ensure Balochistan gets the job quota in federal services. In a recent meeting, the cabinet was informed that the Prime Minister's Office had noted that Balochistan's representation in federal services was negligible. The PM Office asked that adequate representation with rectification of the past deficiencies in all federally raised/ controlled corporations, companies, autonomous bodies, attached departments, etc be ensured as per Article 38(9) of the Constitution of Pakistan. Reportedly, so far, 17,879 new posts have been identified, of which 11,756 have been filled through constant monitoring by the Establishment Division, whereas 6,123 posts are in the process of being filled. It is also important that the government must also take action against fake domicile holders as fake domiciles are a major cause that results in depriving genuine candidates of Balochistan of Federal government jobs. Anyone who has a domicile of Balochistan can apply on Balochistan quota for Federal government jobs, competitive examination vacancies and foreign scholarship. Unfortunately, thousands of fake domiciles of Balochistan have been issued to people outside of Balochistan again due to the handy work of Federal bureaucrats. Balochistan is already suffering from chronic unemployment. Government jobs are the only major source of employment for the unemployed youth of the province. There is almost no representation of Balochistan in the top bureaucracy and this results in bureaucratic injustice with the province. It is very important that the federal government must ensure due share of jobs in federal departments and discourage fake domicile holders so that the long-standing grievance of Balochistan could be addressed.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 15 JUL 2022 Page No. 18



زیارت: سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں